روزنامہ
MUAWAN-E-WUAKLA
معاون وکلاء پاکپتن
بانی علی ہادی کوثر
چیف ایڈیٹر سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر روحیل اکبر

## اشاعت خاص



تحریر، روحیل اکبر

# ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ضلع بھر کے علماء کرام سے میٹنگ

## عید میلاد النبی ﷺ کے سیکورٹی و دیگر انتظامات پر تفصیلی تبادلہ خیال










ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں ضلع بھر کے علماء کرام کے ساتھ اہم میٹنگ امیٹنگ میں عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر منعقد ہونے والی محافل، جلوسوں اور دیگر مذہبی پروگرامز کے سیکیورٹی انتظامات سمیت دیگر اہم امور امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے علماء کرام کو یقین دہانی کروائی کہ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ پولیس افسران واہلکار اپنے فرائض پوری ذمہ داری، جذبہ اور الرٹ رہ کر سرانجام دیں گے۔

ڈی پی او ساہیوال نے کہا کہ مذہبی پروگرامز کے دوران امن وامان کا قیام اور شہریوں کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ علماء کرام اور منتظمین بھی سیکورٹی انتظامات میں پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

انہوں نے مزید کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمیں محبت، اخوت، بھائی چارے، برداشت اور امن کا درس دیتا ہے، لہذا تمام مکاتب فکر فکر باہمی ہم آہنگی اور رواداری کا مظاہرہ کریں۔

میٹنگ کے اختتام پر علماء کرام نے ساہیوال پولیس کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے کیے جانے والے سیکورٹی انتظامات کو کو سراہا اور اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

عید میلاد النبی ﷺ مبارک

ساہیوال پولیس

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر جبل پرنٹرز جبل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کیمرہ روڈ پاکپتن نمبر 03004821200